# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## خیبر کے علاقے تیراہ میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں لیفٹیننٹ کرنل سمیت پاک فوج کے 4 جوانوں کی شہادت کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کا وادی تیراہ میں دہشت گردوں سے مقابلے میں جامِ شہادت نوش کرنے والے جوانوں کو خراجِ عقیدت۔

آج صبح ڈیرہ اسماعیل خان میں آئل اینڈ گیس کمپنی کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر دہشت گردوں کے حملے کی بھی شدید مذمت۔

ملک میں روزمرّہ کی بنیاد پر بڑھتی ہوئی دہشت گردکارروائیوں پر شدید تشویش کا اظہار۔ قوم دہشت گردی کے مختلف واقعات کے دورانِ دفاعِ وطن کی راہ میں جرات و بہادری سے لڑنے والے جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج میں مبتلا ہے،۔

گزشتہ کئی روز سے ملک کے مختلف حصوں میں لگاتار پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعات داخلی سیکیورٹی کیلئے کئے گئے ریاستی بندوبست پر سوالیہ نشان ہیں۔

دشمن عام انتخابات سے قبل دہشت گردکارروائیوں کے ذریعے ملک کو داخلی انتشار و عدم استحکام کی جانب دھکیلنا چاہتا ہے۔

پاکستانی قوم اور جوانوں کی لازوال قربانیوں کے نتیجے میں حاصل کے گئے امن کے تحفظ کیلئے قومی سطح پر فوری اور مؤثر حکمت عملی ناگزیر ہے،۔

معاشی وسیاسی بحران سے نجات کی کوششوں کے دوران پاکستان داخلی عدم استحکام کا ہر گز متحمل نہیں ہو سکتا۔

دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جوانوں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کرتے ہیں،

ترجمان تحریک انصاف